کا التزام کیا گیا ہے اس طرح ہر واقعہ کا حوالہ بھی درج کرنا اشد ضروری ہے۔ تاکہ یہ کتاب یا شمارہ عامۃ الناس کے فائدے سے بڑھ کر اہل تحقیق و جستجو کی رہنمائی کا ذریعہ بھی بن جائے۔ امید ہے کہ ادارہ ... اور میری طرف سے مبارکباد قبول کرنے کے ساتھ ساتھ اس ... فرمائے گا۔

(۵)

نام کتاب : دعوت فکر و عمل مصنف : ابو الارقم انصاری

۶۰ صفحات کا یہ رسالہ ابو الارقم انصاری کے قلم سے ہے جس کا ترجمہ محمود احمد صاحب نے کیا اور حزب الرسول ۱/۴۹ ... بلاک ای سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی نے چھاپا اس میں درحقیقت ایران، اسرائیل اور شیعیت و صہیونیت کے مابین تعلقات و روابط پر ٹھوس دلائل کے ذریعہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ صہیونیت اسلام کی ازلی دشمن ہے اور شیعیت اس کا دوسرا روپ ہے، آجکل ایران سے اسرائیل تک مسلم دنیا کے خلاف جو کچھ ہو رہا ہے۔ اس کا کچھ اندازہ آپ کو اس رسالہ سے ہوگا۔ جس کی بکثرت اشاعت کی ہم سفارش کرتے ہیں، امید ہے کہ وہ لوگ جو ایرانی انقلاب پر اسلامیت کا لیبل لگا کر اسے سراہتے ہیں ان کی آنکھیں بھی اس سے کھل جائیں گی۔

(۶)

نام کتاب : شیعہ حضرات کی اسلام سے بغاوت
مصنف : قاری اظہر ندیم

قاری اظہر ندیم ایک مخلص نوجوان ہیں ہلکا پھلکا لٹریچر بالعموم چھاپتے رہتے ہیں مقاصد تبلیغ ہوتی ہے اسلئے واجبی قیمت سے رسائل تقسیم کرتے ہیں اس ۴۰ صفحہ کے رسالہ میں شیعہ عمائدین کی کتب سے ان کے افکار و اعتقادات پر روشنی ڈالی گئی ہے بلکہ اصل حوالے زیادہ ہیں اور تبصرہ کم، تاکہ مصروف قاری جلدی سے شیعیت کو سمجھ لے — ہم اس رسالہ کی بکثرت اشاعت کی توقع رکھتے ہیں۔ ملنے کا پتہ : عامر اکیڈمی زیلدار روڈ اچھرہ - لاہور

© rasailojaraid
© rasailojaraid